ہنرمند نوجوانوں کی تعداد میں 2025ء تک 40 فیصد اضافے کا ہدف

ہنرمندی مقابلہ جات، نئے ووکیشنل مراکز اور انٹرن شپ پروگرام کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) 13 فروری: وفاقی وزیر برائے ہنرمندی و تربیت فرخ سلیم بھٹی نے کہا ہے کہ 2025ء تک ملک میں ہنرمند نوجوانوں کی تعداد میں 40 فیصد اضافہ کیا جائے گا۔ جمعرات کو اسلام آباد میں ہنرمندی مقابلہ جات کے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہنرمندی مقابلہ جات کے دوران 2 ہزار 340 نوجوانوں نے حصہ لیا۔ ان مقابلہ جات میں 13 مختلف شعبوں میں مہارت کا مظاہرہ کیا گیا۔ ان مقابلہ جات میں 407 فیصد اضافہ ہوا ہے۔